آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے **امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم / کمپوزٹ سیکنڈ اینول 2023ء کے نتائج** کا اعلان ان شاء اللہ مورخہ **22-12-2023** بروز **جمعۃ المبارک بوقت 04:00** بجے دن کیا جائیگا۔ یہ نتائج بورڈ کی ویب سائٹ **www.ajkbise.net** یا **www.ajkbise.edu.pk** پر بذریعہ رولنمبر ملاحظہ کیے جاسکیں گے۔ **ریگولر امیدواران** کے رزلٹ کارڈز متعلقہ سربراہان ادارہ جات کے ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک جبکہ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈز بذریعہ عام ڈاک ان کے دیئے گئے ایڈریس پر ترسیل کیے جائیں گے۔ اگر کسی پرائیویٹ امیدوار کو رزلٹ کارڈ نہ ملے تو نتیجے کی اشاعت کے بعد **45** دن کے اندر اندر درخواست بنام راقم (کنٹرولر امتحانات کالجز) دے کر بدوں فیس رزلٹ کارڈ حاصل کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر تحت قواعد ثنیٰ رزلٹ کارڈ کے حصول کے لئے فیس مبلغ **=/1500** روپے **HBL** کے بورڈ اکونٹ / ڈاک خانہ میں جمع کروا کر اصل چالان / منی آرڈر رسید معہ **=/20** روپے کے اسٹام پر (بیان حلفی) مصدقہ ہمراہ درخواست ارسال کرنا ہوگی۔ بہتری نمبرات (Marks Improved) کرنے والے امیدواران کو سابقہ اصل رزلٹ کارڈ دفتر بورڈ ارسال کرنے / جمع کروانے پر ہی نیا بہتری نمبرات کا رزلٹ کارڈ جاری کیا جائے گا۔

نوٹ:۔ رزلٹ گزٹ PDF فارمیٹ میں بورڈ کی ویب سائیٹ پر موجود ہوگا جہاں سے رزلٹ دیکھا / پرنٹ کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لئے بذیل ٹیلیفون نمبرات پر رابطہ کیا سکتا ہے

05827-960006, 05827-960070, 05827-960071

(ایسوسی ایٹ پروفیسر قاری محمد مشتاق ملک)
کنٹرولر امتحانات کالجز
0345-5739406

نمبر بورڈ / انٹر / 7668 / مورخہ 21/12/2023

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ جناب سیکریٹری بورڈ ہذا۔
3۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
4۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت درقومی اخبارات بطور خبر۔
5۔ فوکل پرسن صاحب بورڈ ہذا۔
6۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، ترارکھل، مظفرآباد / ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
7۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی / نیوز ایجنسی اے۔ پی۔ پی۔ ساجد پلازہ میرپور۔
8۔ نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
9۔ معزز نمائندگان روزنامہ جنگ / نوائے وقت / خبریں / اوصاف / محاسب / جموں وکشمیر / جناح / پاکستان / شاہین / روشنک / عدالت / کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر
10۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد / راولاکوٹ۔
11۔ آفس فائل۔